Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعۃ المبارک، 14 مارچ 2025ء، 13 رمضان المبارک 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 04

"سکول میل پروگرام" سے طلبہ میں غذائی کمی کے اثرات میں واضح کمی

مظفر گڑھ، راجن پور اور ڈی جی خان میں چار کروڑ ملک پیک سکولوں تقسیم، طلبہ کی تعداد 3 لاکھ 61 ہزار سے بڑھ کر 4 لاکھ 16 ہزار ہوگئی ،طلبہ کیلئے سارے وسائل حاضر ہیں

جنوبی پنجاب کے دیگر دور دراز اضلاع میں سکول میل پروگرام کے لئے اقدامات کی ہدایت، سکول میل پروگرام کا دائرہ کار بتدریج بڑھائے گے مریم نواز شریف

جنرل فیم (ایز ان ایڈز انجمن گ) کمشنر ڈاکٹر شاہد رفعت حسن کی قیادت میں این پی ڈی کی 5 رکنی کمیٹی کے اراکان کا کامسر رصد یق منز کے دورہ کے موقع پر تیار شدہ ویڈیو کا جائزہ لے رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت "سکول میل پروگرام" کامیابی سے جاری ہے۔ سکول میل پروگرام کے آغاز سے طلبہ میں نمایاں کمی کے اثرات میں واضح کمی ہوئی۔ سکول میل پروگرام کے پہلے مرحلے میں ایک ارب 78 کروڑ روپے کی لاگت سے ملک پیک سکول پروگرام کے آغاز کے چند ماہ میں ہی 55 ہزار سے زائد نئے طلبہ کا اندراج ہوا۔ منفرد ریکارڈ قائم (بقیہ نمبر 1)

اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس طلب، اہم فیصلوں کی منظوری کا امکان

ٹیٹ میٹرنگ صارفین کے لیے ریشیو میں کمی کا معاملہ ایجنڈے میں شامل ہیں، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی صدارت میں طلب کرلیا گیا جس میں اہم فیصلوں کی منظوری کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق اسی کی سی اجلاس میں گوادر پورٹ سے پوٹاشیم سلفیٹ کی برآمد کی منظوری، ریگ ڈیک پروجیکٹ کی سیکورٹی چارجز کی ادائیگی کیلئے ایک ارب 79 کروڑ روپے کی بھی منظوری دیگر اہم معاملات پر غور کیا جائے گا۔ اجلاس میں اسلام آباد کے سرکاری (بقیہ نمبر 2)

سنگین جرائم کی روک تھام کیلئے پالیسی میں ترمیم کا فیصلہ

پیشگردی، سوشل میڈیا سے جڑے جرائم، پمشی استحصال کی روک تھام کیلئے پالیسی میں ترمیم کا فیصلہ کیا گیا

لاہور (این این آئی) پیشگردی، سوشل میڈیا سے جڑے جرائم پمشی استحصال کے واقعات کی روک تھام کیلئے پالیسی میں ترمیم کا فیصلہ کیا گیا۔ اس حوالے سے پنجاب پولیس 0 6 ہزار 2 7 1 مقدمات (بقیہ نمبر 5)

آئی ایم ایف کیساتھ مذاکرات آخری مراحل میں داخل

حکومت نے رائٹ سائزنگ اور سول سرونٹس ایکٹ 1973 میں ترمیم کی یقین دہانی کروادی

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف اور پاکستان کے مذاکرات آخری مراحل میں داخل ہوگئے ہیں، جہاں ایک ارب ڈالر کی اگلی قسط کے اجرا کے لیے اہم معاملات پر بات چیت جاری ہے۔ حکومت نے خوراک پر (بقیہ نمبر 4)

گردوں کی صحت کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے، مریم نواز

گردوں کے امراض کے مستند علاج کے لئے ٹرانسپلانٹ کارڈ شروع کیا جارہا ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ گردوں کے عالمی دن کے موقع پر تمام افراد کو خوراک، تعلیم پیش کرنی ہوں۔ صحت مند زندگی کے لئے گردوں کی صحت کا خیال رکھنا (بقیہ نمبر 3)

گردوں کے عالمی دن کے موقع پر پاکستان ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) مجید ایمبریس کا نظریس کررہے ہیں

پاکستان اور ہم سب اس طرح کے کسی اور واقعے کا متحمل نہیں ہوسکتے، ہم سب کو اپنا حصہ ڈالنا ہوگا، شہباز شریف

امن کیلئے دہشت گردی کا خاتمہ ناگزیر

ساحر پرقوم اکثاہدار، حملہ آوروں نے رمضان کے تقدس کا بھی خیال نہیں رکھا، دہشت گردی سے معیشت کو 30 ارب ڈالر کا نقصان پہنچا، واقعہ سے نمٹنے کیلئے سیکورٹی فورسز نے کامیاب سخت عملی اپنا کر 339 جانوں کو بچایا

3 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز خراج تحسین کی مستحق ہیں، فوجی جوان وافسر خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دن رات قربانیاں دے رہے ہیں، اپنے بچوں کو یتیم کرکے لاکھوں بچوں کو یتیم ہونے سے بچا رہے ہیں

یہ وقت سیاسی پوائنٹ سکورنگ نہیں قومی یکجہتی واتحاد کا ہے ملک کو خوارج، دہشت گردی سے بچانے کیلئے یکجان ہونا ہوگا، وزیراعظم کا کوئٹہ میں امن وامان بارے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے جعفر ایکسپریس جیسے حملوں سے بچنے کیلئے شرکت کشمکش پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک طور پر ختم نہیں ہوئی اس وقت تک ملک میں امن قائم نہیں ہوسکتا ساحر پر پوری قوم اظہار ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی مکمل

حملہ آوروں نے رمضان کے تقدس کا بھی خیال نہیں رکھا، دہشت گردی سے معیشت کو 30 ارب ڈالر کا نقصان پہنچا، واقعہ سے نمٹنے کیلئے سیکورٹی فورسز نے (بقیہ نمبر 3)

گردے کی بیماریوں اور دیگر این سی ڈیز میں تیزی سے اضافہ تشویشناک

میٹھے مشروبات کا زیادہ استعمال گردے کی دائمی بیماری، ذیابیطس اور ہائی بلڈ پریشر کے خطرے کو نمایاں طور پر بڑھاتا ہے، ڈاکٹر شہزاد

"میٹھے مشروبات پر زیادہ ٹیکس عائد کرنا سے کمپنیاں میں کی آتی ہے اور صحت عامہ کے تحفظ کے لیے علمی سطح پر ثابت شدہ حکمت عملی ہے، ثناء اللہ محسن

ایک صحت مند پاکستان کے لیے اس اہلی ٹیکس پالیسی کے اقدام کی حمایت کریں اور ملک میں NCDs کو کنٹرول کریں، متعرین

یہ حتمی ہوئی این سی ڈیز اور گردے کی بیماریوں کو روکنے کے لیے شوگر ڈرنکس کے خلاف فوری پالیسی اقدامات کا مطالبہ

پناہ کا اس طوفان کو روکنے کے لیے میٹھے مشروبات پر ٹیکس میں اضافے کا مطالبہ، گردوں کے عالمی دن کے موقع پر میں کانفرنس

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) گردوں کے عالمی دن کے موقع پر، پاکستان کیلئے ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) پاکستان میں میٹھے مشروبات کے زیادہ استعمال سے پیدا ہونے والے تباہ کن صحت کے بحران کی طرف توجہ دلائی۔ پاکستان میں غیر متعدی امراض (NCDs) جیسے موٹاپا، ذیابیطس، بلڈ امراض، کینسر اور گردوں کے امراض کا بڑھتا ہوا بوجھ خطرناک حد تک پہنچ چکا ہے۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (بقیہ نمبر 6)

ازبکستان کیساتھ کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

وزیراعظم کا دوطرفہ تجارت کو 2 بلین ڈالر تک بڑھانے کے لیے ایک روڈ میپ وضع کرنے کی ضرورت پر بھی زور

صدر مرزیاویف نے رواں برس کے آخر میں پاکستان کا سرکاری دورہ کرنے کی وزیراعظم کی دعوت قبول کرلی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ازبکستان کے سفیر سٹرماشرف نے ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ازبکستان کے سفیر جناب علیشیر سلیمنیف کی وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں وزیراعظم نے ازبک سفیر کے ذریعے صدر مرزیاویف، آب شوکت مرزیاویف کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور گزشتہ ماہ تاشقند کے دورے کے دوران ان کے اور پاکستانی وفد کی مہمان نوازی کے لیے تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم (بقیہ نمبر 2)

کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 5 ملزمان گرفتار، مقدمات درج

سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ وقانون شکن عناصر پر کڑی نظر رکھنا ہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 5 ملزمان گرفتار کرکے مقدمات درج کرلئے۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے سفیر وقائی وزیراعظم ویشن ٹیکنالوجی شیزہ فاطمہ سے ملاقات کررہے ہیں

کمانڈر بحرین نیشنل گارڈ کی ایئر چیف سے ملاقات

دونوں ممالک کے مابین دیرینہ مذہبی اور تاریخی تعلقات کا ذکر کیا، جو بے مثال برادرانہ ہم آہنگی کا مظہر ہیں، ایئر چیف

"بحرین نیشنل گارڈ کے کمانڈر نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور خود انحصاری کے ذریعے حاصل کردہ ترقی کی تعریف کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کمانڈر بحرین نیشنل گارڈ، جنرل شیخ محمد بن عیسیٰ بن سلمان الخلیفہ نے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں سربراہان نے درمیان باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت ہوئی جس کا مقصد دونوں افواج کے مابین تعاون کو مستحکم کرنا تھا۔ سربراہ پاک فضائیہ نے جدت طرازی کے تحت اتحادی ممالک سے جدید اسلحے کی فراہمی، انفارمیشن کی اپ گریڈیشن اور جنگی طیاروں میں جدید لڑاکا ٹیکنالوجی کے لیے کی گئی پاک فضائیہ کے (بقیہ نمبر 4)

"کمانڈر بحرین نیشنل گارڈ، جنرل شیخ محمد بن عیسیٰ بن سلمان الخلیفہ نے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سربراہ پاک فضائیہ سے ایئر ہیڈ کوارٹرز، اسلام آباد میں ملاقات کی۔

وارث خان پولیس کی کارروائی، 2 رکی بائیک لفٹر گینگ گرفتار، 9 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے 2 رکی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کرکے 5 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 رکی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں سبق اللہ اور عمیر شمال ہیں، ملزمان سے 5 مسروقہ موٹر (بقیہ نمبر 5)

سی ڈی اے ملازمین کو پلاٹ الاٹ کرنے کے احکامات جاری

تاہم ملازمین کو پلاٹ دینے کیلئے کوئی نیا پلاٹ Create نہیں کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے اسلام آباد ہائیکورٹ نے سی ڈی اے ملازمین کے پلاٹوں کے کیس (بقیہ نمبر 2) مزید پوسٹنگ کی طرف سے موٹر بروی کے باعث

نیوٹیک (NUTECH) کو آئی جی موٹروے اور نیشنل ہائی وے پولیس

رفعت مختار راجہ کی تاریخی دورے کی میزبانی پر فخر ہے

ان کا پرتپاک استقبال یونیورسٹی کے ریکٹر لیفٹیننٹ جنرل منظم اعجاز حلال اے امتیاز ملٹری ریٹائر نے کیا

کامیابی حاصل کرنے کے لیے اپنے ارادوں کو ثبت رکھیں اور محنت جاری رکھیں، آئی جی موٹروے کا طلبہ سے خطاب

یہ دورہ NUTECH اور موٹروے پولیس کے درمیان تعلقات کو مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے، ریکٹر NUTECH لیفٹیننٹ جنرل منظم اعجاز حلال

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نیشنل رفعت مختار راجہ نے NUTECH کا دورہ کیا۔ ان کا پرتپاک استقبال یونیورسٹی کے ریکٹر لیفٹیننٹ جنرل منظم اعجاز حلال اے امتیاز ملٹری ریٹائر نے کیا، جنہوں نے یونیورسٹی کے دورے کے دوران، موٹروے اور نیشنل ہائی وے پولیس کے معزز انسپکٹر جنرل (آئی جی) جدید پروگراموں، نمایاں کامیابیوں اور بلند مستقبل کے اہداف کو فخر سے پیش کیا۔ اس دورے کے دوران، موٹروے اور نیشنل ہائی وے پولیس کے انسپکٹر (بقیہ نمبر 9)

موٹروے اور نیشنل ہائی وے پولیس کے معزز انسپکٹر جنرل (آئی جی)، رفعت مختار راجہ کا NUTECH کے دورہ کے موقع پر تصویری جھلکیاں

جعفر ایکسپریس حملہ خطہ پوٹھوہار کے تین سپوت وطن پر قربان

دوران آپریشن سکھو گوجرخان، کلرسیداں، اور ڈھیلی کے تینوں نوجوان شہید ہوئے

گوجرخان (قمرشہزاد) غازیوں شہیدوں کی چوتھی خلد پھر پاکستان گوجرخان، کلرسیداں اور تحصیل سوہاوہ کے مضافاتی علاقوں سکھو، ڈریال اور ڈھیلی کے رہائشی پاک فوج کے جوانوں نے جعفر ایکسپریس حملہ آپریشن کے دوران دہشت گرد حملہ آوروں کے (بقیہ نمبر 6)

خالہ زاد سے جنسی درندگی کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم کو ٹھوس شواہد کیساتھ چالان عدالت کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی ایس ایچ او

گوجرخان (قمرشہزاد) پولیس تھانہ گوجرخان نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے نابالغ زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرکے پابند سلاسل کر دیا ایس پی صدر نے پولیس تھانہ گوجرخان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے شاباش دی اور کہا کہ خواتین اور بچوں (بقیہ نمبر 7)

اسلحہ لائسنس کی تصدیق کے حوالے سے بڑا فیصلہ

کیو آر کوڈ کی مدد سے قانون نافذ کرنے والے ادارے ہر اسلحہ لائسنس کی تصدیق کرسکیں گے

سیکرٹری داخلہ نورالامین مینگل کی زیر صدارت اسلحہ لائسنس ویری فیکیشن کے حوالے سے اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل کی زیر صدارت اسلحہ لائسنس ویری فیکیشن کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری داخلہ پنجاب نے نادرا حکام کو تمام اسلحہ لائسنسز کی آن لائن ویری فیکیشن کیلئے کیو آر کوڈ جاری کرنے کی ہدایت کی۔ سیکرٹری داخلہ نے اسلحہ لائسنسز کیساتھ کیو آر کوڈ لگانے کیلئے نادرا کو ایک ہفتے کا وقت دیا۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب (بقیہ نمبر 3)

واہ کینٹ پولیس کی کارروائی، 3 قمار باز گرفتار

داؤ پر لگی رقم 22 ہزار 800، 3 موبائل فون، تاش پتے برآمد، مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ پولیس نے تاش پر جوا کھیلنے والے 3 قمار باز گرفتار کرکے داؤ پر لگی رقم 22 ہزار 800 روپے، 03 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کرلئے جگہ موقع سے ایک مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ (بقیہ نمبر 2)

دہشت گردی کیخلاف جنگ، ہم فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

عالمی استعماری قوتیں پاکستان کے خلاف دہشت گردی کو سپورٹ کررہی ہیں

سازشوں کا مقابلہ کرنے کیلئے ہر طرح سے افواج پاکستان کے ساتھ ہیں خواجہ اظہار

گوجرخان (قمرشہزاد) دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہم فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، فتنہ خوارج اور ملک کے اندر دہشت گرد مجیشوں نے امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنے کے لیے اپنے ناپاک عزائم ظاہر کردیے ہیں ایسے میں پاک فوج کے (بقیہ نمبر 6)

صدر پنکچر روڈ پر انتظامیہ کی جانب سے بنائی جانیوالی ڈسٹرپٹ میں بچے ٹرک کی سواری کررہے ہیں

خوشاب کا نوجوان ملک کہار حادثہ میں جاں بحق

چکوال (این این آئی) خوشاب کا نوجوان ملک کہار حادثہ میں جاں بحق ہوگیا۔ ملک کہار خوشاب روڈ پر دربار والے موڑ میں موٹر سائیکل اور ڈمپر میں تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہو گیا، جاں بحق ہونے (بقیہ نمبر 1)

سپورٹس بورڈ میں خاتون ملازمہ سے ہراگلی پر تین ملازمین نوکری سے فارغ

ملازمہ اسپورٹس بورڈ پنجاب کے اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ میں فرائض ادا کررہی تھی

لاہور (این این آئی) اسپورٹس بورڈ پنجاب نے خاتون ملازمہ کو ہراساں کرنے کے جرم میں تین ملازموں کو فارغ کردیا جبکہ ایک ملازم کو 30 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا ہے۔ اسپورٹس بورڈ پنجاب میں ایک خاتون ملازمہ نے گلی چند ملازمین کے خلاف ہراساں کرنے پر درخواست دی تھی جس پر محکمے نے ڈائریکٹر ایڈمن کی سربراہی (بقیہ نمبر 0)

اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس نیٹ میٹرنگ قوانین میں ترمیم منظور

نئے سولر پینل صارفین سے بجلی خریداری 10 روپے فی یونٹ مقرر، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اجلاس

وفاقی وزارت تعلیم کیلئے 25 کروڑ، وزارت صنعت و پیداوار کیلئے 22 کروڑ روپے کی بھی منظوری دیدی گئی

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے نیٹ میٹرنگ قوانین میں ترمیم سمیت مختلف گرانٹس کی منظوری دیدی۔ نیٹ میٹرنگ کے تحت بجلی کی خریداری کی شرح 10 روپے فی یونٹ مقرر کردی گئی ہے۔ متعرات کو کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں نیٹ میٹرنگ قوانین میں ترمیم کی منظوری دی گئی، ای سی سی کے اجلاس کے مطابق نیٹ میٹرنگ کے تحت بجلی کی خریداری کی شرح 10 روپے فی یونٹ مقرر کی گئی ہے۔ موجودہ نیٹ میٹرنگ صارفین کے معاہدے پرانے نرخوں کے مطابق رہیں گے (بقیہ نمبر 2)

تاجر ویلفیئر فاؤنڈیشن کی جانب سے لگائے جانیوالے افطار وسحر خوان پر روزہ دار افطار کی انتظار کررہے ہیں

موٹر سائیکل چوری وسٹریٹ کرائم میں ملوث ملزم گرفتار

ملزمان کے قبضے سے 8 مسروقہ موٹر سائیکل اور مسروقہ رقم 14 ہزار روپے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) کس کورس پولیس نے موٹر سائیکل چوری اور سٹریٹ کرائم میں ملوث ملزم گرفتار کرکے 8 مسروقہ موٹر سائیکل اور مسروقہ رقم 14 ہزار روپے برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق رکس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 8)

ڈی پی او چکوال احمد حی الدین کی زیر صدارت کرائم میٹنگ

آن لائن پول کام سسٹم سے تیار اور افسران کی براگرس رپورٹس کو چیک کیا گیا

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد حی الدین کی زیر صدارت ڈی پی او آفس چکوال میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ ایس پی انویسٹیگیشن چکوال محمد شہباز خنجر، ڈی ایس پی لیگل چکوال سید عباس علی، ایس ڈی پی او (بقیہ نمبر 9)

بہاولپور، مشہری نے خود پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگالی

بہاولپور (این این آئی) بہاولپور کے علاقے رنج قرود ڈیرہ مشہری نے خود پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا لی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق متاثرہ شخص کو بہاول وکٹوریہ ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے جس کا جسم 70 فیصد تک جل چکا ہے۔ اطلاعات کے مطابق شہری محمد یونس جھگیوں سے پریشان تھا، پولیس اس معاملے کی مزید تفتیش کررہی ہے۔

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پنجاب میں دوایوانی پارلیمانی نظام لانے کی تجویز

پنجاب اسمبلی کے ایوان نے صوبے میں وفاق کی طرز پر دوایوانی پارلیمانی نظام متعارف کرانے کی قرارداد گزشتہ روز اکثریت رائے سے منظور کرلی۔ اس قرارداد میں سینٹ کی طرز پر ایوان بالا اور پنجاب کونسل کے قیام کی تجویز دی گئی ہے۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ آبادی کے لحاظ سے پنجاب دنیا کے 171 ممالک سے بھی بڑا ہے۔ دنیا کے صرف گیارہ ممالک کی آبادی صوبہ پنجاب سے زیادہ ہے۔ اتنی بڑی آبادی کے صوبے کے انتظامی معاملات اور مشاورت کے عمل میں معاشرے کے ہر شعبہ سے وابستہ افراد اور ماہرین کی نمائندگی ازحد ضروری ہے۔ موجودہ آئینی ڈھانچے میں اس کی گنجائش موجود نہیں اس لئے یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ آئینِ پاکستان میں ضروری ترمیم کے ذریعے صوبہ پنجاب میں دوایوانی نظام رائج کیا جائے۔

اس وقت جبکہ عوام کے بالخصوص مہنگائی اور بے روزگاری سے متعلق مسائل انتہائی گھمبیر ہو رہے ہیں اور صوبوں کے وسائل کی تقسیم کے ایشو پر بھی پنجاب کے ساتھ دوسرے صوبوں کے تحفظات سامنے آرہے ہیں، اس صورت حال میں پنجاب حکومت کی توجہ عوام کو حقیقی ریلیف دینے اور دوسرے صوبوں کے تحفظات دور کرنے پر مرکوز ہونی چاہیے۔ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز جانفشانی کے ساتھ اور بہتر حکمتِ عملی کے تحت صوبے کے عوام کے غربت، مہنگائی، بے روزگاری اور توانائی سے متعلق مسائل زمینی حقائق کی روشنی میں حل کرنے کی کوششوں میں مگن ہیں اور گورننس بھی بہتر بنا رہی ہیں جس کے نتیجہ خیز نتائج بھی سامنے آرہے ہیں اس لئے وزیراعلیٰ کی ان کاوشوں کے دوران پنجاب میں وفاق کی طرز پر دوایوانی پارلیمانی نظام کی پنجاب اسمبلی میں تجویز لانا ایک نیا پنڈورا بکس کھولنے کے مترادف ہے۔ اوّل تو یہ تجویز قابلِ عمل ہی نظر نہیں آتی کیونکہ آئین میں وفاق اور اس کی اکائیوں کا جو ربط پارلیمانی جمہوری نظام میں وضع کیا گیا ہے اس میں کسی نئے صوبے کی تشکیل کی طرح صوبے میں وفاق جیسے دوایوانی نظام کے لیئے قومی اسمبلی میں آئینی ترمیم لانا اور تین چوتھائی اکثریت کے ساتھ منظور کرانا پڑے گی جو موجودہ صورتحال میں اس لئے ممکن نظر نہیں آتی کہ دوسرے صوبوں کے ارکان قومی اسمبلی اپنی اپنی پارٹی پالیسی کے تحت پنجاب کا اپنا الگ نظام وضع کرنے کی کسی آئینی ترمیم کے حق میں بمشکل ہی ووٹ دیں گے۔ علاوہ ازیں ایسی تجویز سے پنجاب کے اندر سے مزید صوبے نکالنے کی مخصوص ایجنڈے والی تحریک کو مزید تقویت حاصل ہوگی جس کے لئے قرارداد کے یہی مندرجات پنجاب کی تقسیم کے محرکین کے کام آسکتے ہیں کہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے دنیا کے 171 ممالک سے بڑا ہے۔ اسی جواز کو لے کر تو نئے صوبے کی سیاست کرنے والے سندھ اور جنوبی پنجاب کے مخصوص سیاستدانوں کو پنجاب کو تقسیم کرنے کا نعرہ لگانے کا موقع ملا ہے جو محض پوائنٹ سکورنگ کی سیاست ہے۔ اس تناظر میں پنجاب میں دوایوانی نظام لانے کی تجویز سمجھ سے بالاتر ہے کیونکہ اس سے وفاق اور اس کی اکائیوں میں ربط کے تصور پر بھی زد پڑ سکتی ہے۔ بہتر یہی ہے کہ ایسی تجویز لا کر پنجاب پر تنقید کے دروازے کھولنے کی بجائے پنجاب کی ترقی سے متعلق وزیراعلیٰ مریم نواز کا مشن کامیابی کے ساتھ پایہ تکمیل کو پہنچایا جائے۔ اس تجویز کے محرکین کو یہ امر بھی پیشِ نظر رکھنا چاہیئے کہ دوایوانی نظام سے پنجاب پر انتظامی اخراجات کا بوجھ بھی بڑھ جائے گا۔

جعفر ایکسپریس حملہ: ایک اور آزمائش، ایک اور کامیابی

تحریر: احمد ضمیر

11 مارچ 2025 کو بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑوں میں ایک ایسا واقعہ پیش آیا جس نے پوری قوم کو ہلا کر رکھ دیا۔ بولان کے مقام پر دہشت گردوں نے جعفر ایکسپریس کو نشانہ بنایا، معصوم مسافروں کو شہید کیا اور کئی عورتوں، بچوں اور معمر افراد کو یرغمال بنالیا۔ یہ حملہ صرف ایک ٹرین پر حملہ نہیں تھا، بلکہ پاکستان کے استحکام اور امن کو چیلنج کرنے کی ایک اور سازش تھی۔ مگر تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی دشمن نے اس پاک سرزمین کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی، ہمارے محافظوں نے اسے ناکام بنا کر ثابت کیا کہ پاکستان کی طرف اٹھنے والے ہر ناپاک ہاتھ کو کاٹ دیا جائے گا۔

یہ خبر جیسے ہی سامنے آئی، پورے ملک میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی، مگر ہمارے سیکیورٹی ادارے کسی لمحے کی تاخیر کے بغیر حرکت میں آ گئے۔ پاک فوج، اسپیشل سروسز گروپ (ایس ایس جی)، ایئر فورس، فرنٹیئر کور اور پولیس نے برق رفتاری سے آپریشن کا آغاز کیا۔ دشمن نے ٹرین کو ایک قلعے میں تبدیل کر دیا تھا، خودکش جیکٹس اور جدید ہتھیاروں سے لیس یہ دہشت گرد نہ صرف مسافروں بلکہ پوری ریاست کو یرغمال بنانا چاہتے تھے۔ مگر پاکستان کی بہادر فورسز نے عزم اور مہارت کے ساتھ ان کے ناپاک منصوبے کو خاک میں ملا دیا۔

آپریشن کا پہلا مرحلہ سب سے نازک تھا پہلے خودکش حملہ آوروں کو نشانہ بنایا گیا تاکہ نقصان کو کم سے کم رکھا جا سکے۔ پھر ٹرین کی بوگیوں کو ایک ایک کر کے کلیئر کیا گیا تاکہ یرغمالیوں کی زندگیاں محفوظ رہیں۔ یہ ایک ایسا لمحہ تھا جب ہر گولی، ہر قدم اور ہر فیصلہ قومی سلامتی کے لیے اہمیت رکھتا تھا۔ مگر ہمارے شیروں نے بے مثال بہادری اور قربانی سے یہ معرکہ سر کرلیا۔

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کے مطابق، دہشت گردوں کو افغانستان میں بیٹھے ان کے سرغنہ کی ہدایات موصول ہو رہی تھیں۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان کے دشمن ہمیشہ پس پردہ رہ کر ہمارے امن کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، مگر ہر بار ہمارے سیکیورٹی ادارے ان کی سازشوں کو ناکام بنا دیتے ہیں۔ جعفر ایکسپریس حملے کے بعد ہونے والے آپریشن نے ثابت کر دیا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے لیے کوئی جگہ نہیں اور جو بھی اس وطن کی طرف میلی آنکھ سے دیکھے گا، وہ اپنے انجام کو ضرور پہنچے گا۔

یہ حملہ جہاں ایک دردناک سانحہ تھا، وہیں اس نے پوری قوم کو ایک بار پھر متحد کر دیا۔ ملک کے طول و عرض میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو سراہا گیا، شہداء کو خراج تحسین پیش کیا گیا، اور دشمن کو واضح پیغام دیا گیا کہ پاکستان ایک مضبوط اور ناقابلِ تسخیر ریاست ہے۔ اس مشکل وقت میں ہمیں نہ صرف اپنی فوج اور سیکیورٹی اداروں پر مکمل اعتماد رکھنا ہوگا بلکہ دشمن کے جھوٹے پروپیگنڈے سے بھی ہوشیار رہنا ہوگا۔

تاریخ گواہ ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ اپنے دشمنوں کو شکست دی ہے۔ چاہے 1965 کی جنگ ہو، کارگل کا معرکہ ہو یا دہشت گردی کے خلاف جنگ ہمارے جوانوں نے ہر بار ناقابلِ فراموش قربانیاں دے کر اس سرزمین کی حفاظت کی ہے۔ جعفر ایکسپریس کے معصوم شہداء کو سلام، اور ان بہادر سپاہیوں کو خراج تحسین جو اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر اس وطن کی حفاظت کر رہے ہیں۔ پاکستان کا پرچم ہمیشہ سربلند رہے گا، اس کی سرزمین ہمیشہ امن کا گہوارہ بنی رہے گی، اور جو بھی اس کی طرف میلی آنکھ سے دیکھے گا، وہ تاریخ کے اندھیروں میں گم ہو کر ہمیشہ کے لیے نشانِ عبرت بن جائے گا!

افغان مہاجرین کی وطن واپسی

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

(تحریر: عبدالباسط علوی)

پاکستان کے تناظر میں سب سے زیادہ اہم خدشات میں سے ایک بڑی افغان پناہ گزین آبادی کی طرف سے درپیش سلامتی کے مضمرات ہیں۔ بہت سے پناہ گزین خیبر پختونخوا (کے پی) اور بلوچستان جیسے سرحدی علاقوں میں رہتے ہیں اور یہ وہ علاقے ہیں جو افغانستان کے قریب ہیں اور باقاعدگی سے سرحد پار کشیدگی کا سامنا کرتے ہیں۔ پاکستان اور افغانستان کی غیر محفوظ سرحد نے افغان مہاجرین، مہاجرین اور عسکریت پسندوں کے درمیان فرق کرنا مشکل بنا دیا ہے۔ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) ایک دہشت گرد گروپ ہے جو ایک دہائی سے زیادہ عرصے سے پاکستانی ریاست کے خلاف حملوں میں ملوث رہا ہے، خطے میں سلامتی کے سب سے بڑے خطرات میں سے ایک کی نمائندگی کرتا ہے۔ ٹی ٹی پی بنیادی طور پر پاک۔افغان سرحد کے ساتھ کام کرتی ہے اور اس نے بھرتی، رسد اور آپریشنل مدد کے لیے افغان مہاجرین کی صورتحال کا استحصال کیا ہے۔ 2021 میں طالبان کی اقتدار میں واپسی کے بعد، ٹی ٹی پی کی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اس گروپ نے سرحد کے ساتھ نسبتاً کم حکمرانی والی جگہوں کو پاکستان میں حملے کرنے کے لیے استعمال کیا ہے، جس سے پہلے سے ہی مہاجرین کی آبادی والے نازک علاقوں میں عدم استحکام پیدا ہوا ہے۔ حقانی نیٹ ورک سمیت دیگر باغی گروہوں کو بھی پاکستان میں افغان پناہ گزین کیمپوں اور سرحدی علاقوں میں پناہ ملی ہے۔ سرحد کے ساتھ وسیع اور اکثر ناقابل رسائی خطہ عسکریت پسندوں کو خفیہ طور پر کام کرنے کی اجازت دیتا ہے، جس کے نتیجے میں سرحد پار دراندازی، دہشت گرد حملے اور پاکستانی شہروں میں بم دھماکے بڑھتے ہیں۔ ٹی ٹی پی نے پاکستان کی فوج، سیکیورٹی فورسز اور سویلین انفراسٹرکچر کو نشانہ بنایا ہے اور بعض اوقات افغان پناہ گزین کیمپوں کو خیبر پختونخوا اور بلوچستان جیسے علاقوں میں کام کرنے کے لیے کور کے طور پر استعمال کرتے ہوئے ان علاقوں میں عدم تحفظ کو بڑھاوا دیا ہے۔ مزید برآں، دہشت گرد گروہ پناہ گزین کیمپوں میں دراندازی کرنے کے لیے جانے جاتے ہیں، جہاں وہ بعض اوقات کمزور پناہ گزینوں کو بنیاد پرست بناتے ہیں، جس سے خطے میں پناہ گزینوں کی بڑی آبادی کو سنبھالنے میں پاکستانی حکام کو درپیش چیلنجز مزید پیچیدہ ہو جاتے ہیں۔ ٹی ٹی پی نے کھلے عام طالبان کے ساتھ اتحاد کیا ہے اور اگرچہ طالبان حکومت نے ایک آدھ بار کہا ہے کہ وہ سرحد پار تشدد کی حوصلہ شکنی کرتی ہے، لیکن پاکستانی حکام افغان علاقے سے کام کرنے والے ٹی ٹی پی جنگجوؤں کے لیے طالبان کی رواداری کو ایک اہم خطرہ سمجھتے ہیں۔ کچھ مثالوں میں، ٹی ٹی پی کے رہنماؤں اور جنگجوؤں نے پاکستان میں حملے کرنے کے لیے ملک کو ایک اڈے کے طور پر استعمال کرتے ہوئے افغانستان میں پناہ لی ہے۔ طالبان کے قبضے کے بعد افغانستان میں مضبوط مرکزی حکومت کی عدم موجودگی نے ان عسکریت پسند گروہوں کو زیادہ آزادی کے ساتھ کام کرنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ افغان مہاجرین اور عسکریت پسند گروہوں کی طرف سے درپیش سلامتی کے خطرات کے علاوہ، اتنی بڑی بے گھر آبادی کی موجودگی کی وجہ سے پاکستان کو اہم انسانی اور سماجی و اقتصادی چیلنجوں کا سامنا ہے۔ پہلے ہی اپنی معاشی مشکلات سے نبرد آزما پاکستان افغان مہاجرین کو خوراک، پناہ گاہ، صحت کی دیکھ بھال اور تعلیم سمیت بنیادی خدمات فراہم کرنے کے لیے خاطر خواہ وسائل مختص کرنے پر مجبور ہے۔ 1.5 ملین سے زیادہ رجسٹرڈ مہاجرین (اور بہت سے غیر رجسٹرڈ) کے ساتھ پاکستان کی عوامی خدمات پر دباؤ بہت زیادہ ہے۔ مہاجرین کی آمد نے پاکستان کے صحت کی دیکھ بھال کے نازک نظام پر کافی دباؤ ڈالا ہے، جہاں مہاجرین اکثر مناسب طبی دیکھ بھال تک رسائی سے محروم رہتے ہیں، جس کی وجہ سے صحت کے خراب نتائج سامنے آتے ہیں اور پناہ گزین کیمپوں اور میزبان برادریوں دونوں میں بیماریاں پھیلتی ہیں۔

اسی طرح تعلیمی بنیادی ڈھانچہ پناہ گزینوں کی بڑی آبادی سے متاثر ہے۔ پناہ گزین بچوں کو معیاری تعلیم تک رسائی میں اہم رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، بشمول پناہ گزین کیمپوں میں وسائل کی کمی اور پناہ گزینوں اور مقامی برادریوں کے درمیان ثقافتی اور زبان کے فرق۔ بہت سے افغان پناہ گزین غربت میں رہتے ہیں اور اکثر کم تنخواہ والی اور غیر رسمی ملازمتوں کا سامنا کرتے ہیں۔ اگرچہ پناہ گزین زراعت، تعمیر اور مینوفیکچرنگ جیسے شعبوں میں کام کر کے معیشت میں حصہ ڈالتے ہیں، لیکن باضابطہ شناخت اور ورک پرمٹ کی کمی اکثر استحصال اور کم روزگار کا باعث بنتی ہے، جس سے بلوچستان اور خیبر پختونخوا جیسے پہلے سے ہی غریب علاقوں میں معاشی تناؤ مزید بڑھ جاتا ہے۔

جیسے جیسے پاکستان میں بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ہو رہا ہے، پناہ گزینوں کی بڑی آبادی نے ملازمتوں کے لیے مقابلہ بڑھا دیا ہے، جس سے افغان پناہ گزینوں اور مقامی برادریوں کے درمیان سماجی تناؤ پیدا ہو رہا ہے۔ اس سے ناراضگی میں اضافہ ہوا ہے۔ مزید برآں، افغان پناہ گزینوں کی آمد سماجی اور ثقافتی تناؤ کا باعث بنی ہے، خاص طور پر سرحدی علاقوں میں جہاں مقامی آبادی رہائش، کھانا کھلانے اور پناہ گزینوں کی آمد کا دباؤ محسوس کرتی ہے۔ افغان پناہ گزینوں اور مقامی برادریوں کے درمیان ثقافتی اختلافات، خاص طور پر ان علاقوں میں جہاں قبائلی تقسیم اور نسلی دشمنی موجود ہے، کبھی کبھار غیر ملکی فوبیا، امتیازی سلوک اور نسلی تناؤ کا باعث بنتے ہیں۔ بہت سے افغان مہاجرین کا تعلق پشتون، تاجک اور ہزارہ جیسے نسلی گروہوں سے ہے، جو مقامی پاکستانی آبادیوں کے ساتھ ان کے انضمام کو مزید پیچیدہ بناتا ہے۔

پاکستان نے چار دہائیوں سے زیادہ عرصے سے افغان مہاجرین کی میزبانی کی ہے، جس سے یہ افغان بے گھر افراد کی حمایت میں سب سے زیادہ فراخ دل ممالک میں سے ایک بن گیا ہے۔ تاہم، حالیہ برسوں میں، کچھ افغان مہاجرین کے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر تشویش بڑھ رہی ہے۔ صرف کراچی میں ہی 400,000 سے زیادہ افغان شہری غیر قانونی طور پر مقیم ہیں۔ 225 افغان شہریوں کو مختلف جرائم کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے، جن میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں جن میں ہلاکتیں بھی ہوئیں ہیں۔ اس سے بڑے پیمانے پر اضطراب پیدا ہوا ہے اور پاکستان کے وسائل پر اضافی بوجھ پڑا ہے۔

مزید برآں، افغان مہاجرین کی موجودگی پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں خطرناک اضافے کا باعث بنی ہے۔ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی حالیہ سرگرمیوں کی وجہ سے 2024 میں 2500 سے زیادہ ہلاکتیں ہوئی ہیں، جو گزشتہ نو سالوں میں سب سے زیادہ تعداد ہے۔ ان دہشت گردانہ حملوں نے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کو متاثر کیا ہے اور ملک کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کے ارد گرد غیر یقینی صورتحال پیدا کی ہے۔ ان چیلنجوں کے جواب میں، پاکستان کی وزارت داخلہ نے تمام غیر قانونی غیر ملکی شہریوں اور افغان کارڈ ہولڈرز کو 31 مارچ 2025 تک ملک چھوڑنے کا حکم دیا ہے، جس کے بعد ان کی ملک بدری یکم اپریل 2025 سے شروع ہوگی۔ یہ فیصلہ قومی سلامتی کے خدشات اور معاشی دباؤ کے جواب میں کیا گیا ہے۔

درحقیقت، نسبتاً کم افغان مہاجرین کو دوسرے ممالک نے قبول کیا ہے۔ جرمنی نے اب تک 180,000 افغان مہاجرین کو پناہ دی ہے، جبکہ ترکی تقریباً 130,000 افغان مہاجرین کی میزبانی کر رہا ہے۔ یہ اعداد و شمار واضح طور پر ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان بہت سے دوسرے ممالک کے مقابلے میں بہت زیادہ بوجھ اٹھا رہا ہے، جبکہ جس رفتار سے دیگر ممالک افغان مہاجرین کو قبول کر رہے ہیں وہ سست ہے۔ پاکستان نے گزشتہ 40 سالوں سے افغان مہاجرین کی میزبانی کی ہے، لیکن موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے یہ بوجھ ناقابل برداشت ہو گیا ہے۔ پاکستان کی قومی سلامتی، معاشی خدشات اور طویل مدتی مفادات کی وجہ سے افغان مہاجرین کی وطن واپسی اب ناگزیر ہو گئی ہے۔ بین الاقوامی برادری کو افغانستان میں بحالی کے منصوبے شروع کرنے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ واپس جانے والے مہاجرین وقار کے ساتھ زندگی گزار سکیں اور اپنے ملک کی تعمیر نو میں حصہ ڈال سکیں۔ کوئی بھی قوم اپنے شہریوں کے مفادات کی قیمت پر مہاجرین کی میزبانی جاری نہیں رکھ سکتی۔ ایک حالیہ مثال امریکہ سے سامنے آئی ہے، جہاں صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غیر قانونی تارکین وطن اور غیر ملکی شہریوں کے خلاف سخت اقدامات اٹھانے کا عندیہ دیا ہے۔ یہ اقدام اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ دنیا کا سب سے امیر ملک بھی پناہ گزینوں کی غیر معینہ مدت تک مدد کرنے کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اگر امریکہ اپنے بے پناہ وسائل کے ساتھ پناہ گزینوں کی میزبانی کا متحمل نہیں ہو سکتا تو اس سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پاکستان جیسا ملک، جو شدید معاشی اور سلامتی کے چیلنجوں سے نبرد آزما ہے، ایسا کیسے کر سکتا ہے۔ بلاشبہ افغان عقیدے اور مذہب کے لحاظ سے ہمارے بھائی ہیں مگر پاکستان اب ان کی میزبانی کی ذمہ داری برداشت نہیں کر سکتا۔

قوم افغان مہاجرین کی اپنے وطن واپسی کے حکومتی فیصلے کی بھرپور حمایت کرتی ہے اور اس عمل کو تیز کرنے پر زور دیتی ہے۔ عالمی برادری کو بھی استحکام کی کوششوں میں پاکستان کی حمایت کرنی چاہیے، کیونکہ ایک محفوظ اور مستحکم پاکستان پوری دنیا کے لیے بہتر ہے۔

SHOWBIZ شوبز

زارا نور عباس کو پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری پر تنقید کرنا مہنگا پڑ گیا

صارفین کی جانب سے اداکارہ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے

لاہور (این این آئی) اداکارہ زارا نور عباس کو پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری پر تنقید کرنے کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حال ہی میں ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے زارا نور عباس نے کہا کہ پاکستان شوبز انڈسٹری اتنی چھوٹی ہے کہ اسے انڈسٹری نہیں کمیونٹی کہنا چاہیے۔ اداکارہ انڈسٹری کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مزید کہا کہ اس انڈسٹری میں 4 لوگ مل کر بیٹھتے ہیں اور کہتے آؤ ڈرامہ بناتے ہیں، زارا نے کہا کہ اصل انڈسٹری وہ ہوتی ہے جہاں اس کے فنکاروں کو عزت دی جائے۔

فیشل ایپ نے ایشوریا رائے کو سب سے زیادہ نسوانی قرار دیدیا

مس ورلڈ 1994 ایشوریا رائے دنیا کی حسین ترین خواتین میں شمار کی جاتی ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ اور مس ورلڈ 1994 ایشوریا رائے دنیا کی حسین ترین خواتین میں شمار کی جاتی ہیں۔ حال ہی میں چہرے کا تجزیہ کرنے والے ایک ٹول نے ان کی خوبصورتی کا تجزیہ کیا اور ان کے چہرے کی نسوانی خصوصیات کو ان کی غیر معمولی کشش کی بنیادی وجہ قرار دیا۔ آسٹریلوی ادارے Qoves Studio کے تازہ ترین پوسٹ میں ایک ویڈیو میں ایشوریا کے چہرے کی تفصیلات بیان کی گئیں۔ ویڈیو کے وائس اوور میں بتایا گیا کہ ان کے چہرے کی خوبصورتی کا معیار فیس ایستھیٹک لٹریچر میں اچھی طرح سے بیان کیا گیا ہے، جو انہیں خاص طور پر پرکشش بناتا ہے۔ انکے چہرے کی نمایاں خصوصیات میں خوبصورت خمیدہ بھنویں، Low Hairline، بھرا ہوا گلابی لب اور انتہائی بڑی آنکھیں، سیدھا اور چپٹا ماتھا جو چہرے کو ایک خاص خوبصورتی فراہم کرتا ہے۔ ماہرین کے مطابق، چہرے کی نسوانیت خواتین کی خوبصورتی کا ایک بنیادی عنصر ہے۔

اروشی رولز رائس کلینن خریدنے والی پہلی بھارتی اداکارہ ہیں

روشی نے مہنگی ترین گاڑی خرید کر تمام بھارتی اداکاراؤں کو پیچھے چھوڑ دیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ اروشی روتیلا نے مہنگی ترین گاڑی خرید کر تمام بھارتی اداکاراؤں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اروشی روتیلا نے رولز رائس کلینن خریدی ہے جس کی مالیت 12 کروڑ بھارتی روپے (41 کروڑ پاکستانی روپے سے زائد) ہے۔ یہ گاڑی مکیش امبانی، شاہ رخ خان، اجے دیوگن سمیت دیگر مرد سلیبریٹیز کے پاس ہے۔ اروشی رولز رائس کلینن خریدنے والی پہلی بھارتی اداکارہ ہیں اور اس سے قبل کروڑوں کا معاوضہ لینے والی کوئی بھی اداکارہ نہیں لے سکی ہیں۔

مادھوری کی خوبصورت بہنیں فلم انڈسٹری سے دور رہیں

مادھوری کو بچپن سے ہی رقص کا بے حد شوق تھا، کتھک رقص میں مہارت بے مثال تھی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی مشہور اور باصلاحیت اداکارہ مادھوری ڈکشٹ کا شمار ان اداکاراؤں میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنی خوبصورتی، شاندار اداکاری اور رقص کے ذریعے کروڑوں دلوں پر راج کیا۔ 90 کی دہائی میں مادھوری ڈکشٹ کا جادو ایسا تھا کہ ہر فلم ساز انہیں اپنی فلم میں کاسٹ کرنا چاہتا تھا۔ لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ مادھوری ڈکشٹ کی دو بہنیں، روپہ ڈکشٹ اور بھارتی ڈکشٹ بھی کتھک رقص میں ماہر ہیں؟ اس کے باوجود انہوں نے فلمی دنیا میں قدم نہیں رکھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مادھوری ڈکشٹ کی بڑی بہن روپہ ڈکشٹ نے فلمی دنیا کے بجائے ٹیکنالوجی کے میدان میں قدم رکھا۔

پاکستانی فیشن ڈیزائنر و اداکار ایچ ایس وائے نے ہالی ووڈ میں قدم رکھ دیا

کراچی (این این آئی) بین الاقوامی شہرت یافتہ فیشن ڈیزائنر و اداکار حسن شہریار یاسین عرف ایچ ایس وائے نے پاکستان کے بعد اب ہالی ووڈ میں بھی اپنے فن کا لوہا منوانے کے لیے کمر کس لی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حسن شہریار نے ڈزنی پلس کے پلیٹ فارم سے ریلیز ہونے والی سیریز ڈیلی بوائز میں ناصرف ہالی ووڈ پروڈکشن کے لیے ملبوسات ڈیزائن کیے ہیں بلکہ اس سیریز کے ذریعے ہالی ووڈ میں ڈیبیو بھی کیا ہے۔ یاد رہے کہ ہالی ووڈ انڈسٹری میں پاکستان کے متعدد فنکار کام کر چکے ہیں مگر ایچ ایس وائے بطور ڈیزائنر ہالی ووڈ میں کام کرنے والے پہلے پاکستانی ڈیزائنر بن گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈیلی بوائز سیریز کا پہلا سیزن 10 اقساط پر مشتمل ہے۔

اداکارہ نادیہ حسین آن لائن فراڈ کا نشانہ بن گئیں

شوہر عاطف حسین 54 کروڑ روپے کی خورد برد کے الزام میں حراست میں ہیں

کراچی (این این آئی) ماڈل اور اداکارہ نادیہ حسین شوہر کی گرفتاری کے بعد آن لائن فراڈ کا نشانہ بن گئیں۔ نادیہ حسین کو ایف آئی اے کا افسر بن کر فون کرنے والے شخص نے ان کے شوہر کی ضمانت پر رہائی کے لیے 3 کروڑ روپے رشوت مانگی۔ اداکارہ نادیہ حسین نے فراڈ فون کال کا سارا معاملہ سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر کردیا۔ نادیہ حسین نے دعویٰ کیا ہے کہ مالی فراڈ کے الزام میں گرفتار ان کے شوہر کی ضمانت کیلئے ایف آئی اے افسر نے بھاری رشوت طلب کی ہے۔ فراڈ کال کرنے والے کا نادیہ حسین سے کہنا تھا کہ آپ کے شوہر عاطف محمد خان نے تمام معاملات طے پا گئے ہیں۔

قیصر کے گھر والے شادی کیلئے راضی نہیں تھے، فضیلہ قاضی

کیریئر کی شروعات کے دنوں میں ہی قیصر خان میری محبت میں مبتلا ہو گئے تھے

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز کی سینئر اداکارہ فضیلہ قاضی نے اپنی اور شوہر قیصر خان کی شادی سے متعلق دلچسپ واقعہ بتا دیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے فضیلہ قاضی نے بتایا کہ شوبز میں ان کے کیریئر کی شروعات کے دنوں میں ہی قیصر خان ان کی محبت میں مبتلا ہوگئے تھے۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ جہاں بھی شوٹنگ پر جاتیں قیصر خان ان کے پیچھے پیچھے پہنچ جاتے تھے۔ ان دنوں وہ دونوں ہی اسٹرگلنگ ایکٹرز تھے اس لئے اداکارہ نے سوچا کہ وہ اگر انہیں شادی کا کہیں گی تو وہ پیچھے ہٹ جائیں گے کیونکہ اس وقت ذمہ داری نہیں اٹھا پائیں گے۔ تاہم اداکارہ نے بتایا کہ عجیب محسوس ہونے پر جب انہوں نے سختی سے قیصر خان کو پیچھا کرنے سے منع کیا اور کہا کہ اگر ایسا ہی ہے تو شادی کرلیں تو وہ فوری ہی راضی ہوگئے۔

SPORTS سپورٹس

دورہ نیوزی لینڈ: قومی کرکٹ ٹیم کرائسٹ چرچ پہنچ گئی

قومی اسکواڈ آرام کرے گا اور آج جمعہ کو مقامی وقت کے مطابق 1 بجے پریکٹس کرے گا

کرائسٹ چرچ (این این آئی) پاکستان قومی کرکٹ ٹیم دورہ نیوزی لینڈ کے لیے کرائسٹ چرچ پہنچ گئی۔ قومی اسکواڈ آرام کرے گا اور آج جمعہ کو مقامی وقت کے مطابق 1 بجے پریکٹس کرے گا۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 5 میچز کی سیریز کا پہلا ٹی 20 میچ 16 مارچ کو کھیلا جائے گا۔ واضح رہے کہ قومی اسکواڈ میں عبدالصمد اور حسن نواز بھی شامل ہیں جو پہلی مرتبہ پاکستان ٹیم میں منتخب ہوئے ہیں۔ دوسری جانب نیوزی لینڈ نے سیریز کے لیے ٹیم میں چیمپئنز ٹرافی کی فائنلسٹ ٹیم کے 7 کھلاڑیوں کو شامل کیا ہے، آل راؤنڈر مائیکل بریسویل ٹیم کی قیادت کریں گے۔

سابق آسٹریلوی کرکٹر اسٹیورٹ میک گل منشیات کیس میں قصوروار قرار

اسٹیورٹ میک گل کوکین کی لین دین کی سہولت کاری میں ملوث پائے گئے، آسٹریلوی میڈیا

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے سابق ٹیسٹ کرکٹر اسٹیورٹ میک گل کو منشیات کیس میں قصوروار قرار دے دیا گیا۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق اسٹیورٹ میک گل کوکین کی لین دین کی سہولت کاری میں ملوث پائے گئے۔ وہ بہنوئی اور اسٹریٹ ڈرگ ڈیلر کے ساتھ سہولت کاری میں قصوروار قرار پائے۔ جیوری نے سابق کرکٹر کا دعویٰ مسترد کرتے ہوئے فیصلہ سنا دیا۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق سابق کرکٹر کا دعویٰ تھا کہ انہوں نے صرف دو افراد کو متعارف کرایا تھا۔ نیو ساؤتھ ویلز ڈسٹرکٹ کورٹ نے 8 روز ٹرائل کے بعد انہیں قصوروار قرار دینے کا فیصلہ سنایا۔ اسٹیورٹ میک گل کو بڑے پیمانے پر ممنوعہ ڈرگ کے کاروبار میں ملوث قرار نہیں دیا گیا ہے، منشیات کا یہ کیس 2021ء سے چل رہا ہے۔ اسٹیورٹ میک گل نے تسلیم کیا ہے کہ وہ باقاعدگی سے آدھا گرام کوکین 200 ڈالرز میں خریدتے تھے۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق اسٹیورٹ میک گل کو رواں برس کے آخر میں سزا سنائے جانے کے عمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بابر اعظم کو 'جوتے' دینے سے کس کزن نے انکار کیا؟ عمر اکمل

اگر اس نے میری فیملی کے بارے میں بات کی ہے تو ٹی وی پر آکر بولے ہم جواب دیں گے



لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر عمر اکمل نے بابر اعظم کو کزن کی جانب سے جوتے دینے سے انکار پر اظہار خیال کیا ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں عمر اکمل نے شرکت کی اس دوران میزبان نے سوال کیا کہ بابر اعظم کا یہ بیان ہے کہ انہوں نے کزن سے جوتے مانگے اور انہوں نے دینے سے انکار کردیا اس بارے میں آپ کیا کہیں گے؟ عمر اکمل نے کہا کہ کونسا کزن، ہمارے تو کزن اتنے ہیں، چاچو، پھوپھو، ماموں کے اتنے بیٹے ہیں۔ میزبان نے اصرار کیا کہ اسپورٹس شوز تو وہ آپ تینوں بھائیوں والے ہی ہوتے ہیں، عمر اکمل نے کہا کہ میرے تو اور بھائیوں اور کزن نے بھی کرکٹ کھیلی ہے۔ میزبان نے پھر کہا کہ ان کا اشارہ شاید آپ کی فیملی کی طرف تھا۔ اس پر عمر نے کہا کہ اگر اس نے میری فیملی کے بارے میں بات کی ہے تو ٹی وی پر آکر بولے ہم جواب دیں گے۔ کرکٹر نے کہا کہ بابر اعظم نے ٹی وی پر بولا ضرور ہے لیکن کسی کا نام نہیں لیا یہ مسئلہ ہے۔

آئی سی سی چیئرمین جے شاہ کی پاکستان دشمنی کھل کر سامنے آگئی

آئی سی سی چیف پاکستان کے مشکور، چیمپئنز ٹرافی کے انعقاد کو تاریخی کامیابی قرار دے دیا

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے بھارت سے تعلق رکھنے والے چیئرمین جے شاہ کی پاکستان دشمنی کھل کر سامنے آگئی۔ پاکستان آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا میزبان تھا اور اس کے شاندار انعقاد میں کامیاب رہا۔ تاہم انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے بھارت سے تعلق رکھنے والے چیئرمین جے شاہ سے پاکستان کی یہ کامیابی ہضم نہ ہوئی اور میگا ایونٹ کے بعد اس کے کامیاب انعقاد کے حوالے سے جاری پیغام میں پاکستان دشمنی کا کھل کر مظاہرہ کر دیا۔ جے شاہ کی جانب سے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر چیمپئنز ٹرافی کے کامیاب انعقاد کے حوالے سے شکریہ کا پیغام شیئر کیا گیا تاہم اس میں انہوں نے میزبان ملک پاکستان کا نام نہیں لیا۔ آئی سی سی چیئرمین نے اپنے پیغام میں لکھا کہ چیمپئنز ٹرافی آئی سی سی کے لیے بڑی کامیاب رہی۔ تمام ٹیموں اور میزبان ملک کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ جے شاہ کے برعکس آئی سی سی چیئرمین کے برعکس چیف ایگزیکٹو جیف ایلارڈائس نے اپنے پیغام میں پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے چیمپئنز ٹرافی کے کامیاب انعقاد کو پاکستان کی تاریخی کامیابی قرار دیا ہے۔ آئی سی سی چیف ایگزیکٹو جیف ایلارڈائس نے پاکستان کی میزبانی میں چیمپئنز ٹرافی کے انعقاد کو تاریخی کامیابی قرار دیتے ہوئے شکریہ ادا کیا ہے۔

یوراج اور کوہلی کے درمیان چپقلش؟ چیمپئنز ٹرافی فتح کے بعد سابق کرکٹر کی پوسٹ وائرل

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ کے ''کنگ'' ویرات کوہلی اور کرکٹ کے ''سکسر کنگ'' یوراج سنگھ کے درمیان دراڑ کے حوالے سے قیاس آرائیوں نے زور پکڑ لیا۔ سابق کرکٹر یوراج سنگھ کی ایک سوشل میڈیا پوسٹ وائرل ہو رہی ہے، جس نے اس افواہ کو طول دیا ہے، بھارت کی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 فتح کے بعد یوراج سنگھ نے اپنی پوسٹ میں تقریباً تمام بھارتی کرکٹرز کی تعریف کی مگر ویرات کوہلی کا نام تک نہ لیا۔ بھارت کی جیت کے بعد یوراج سنگھ نے سوشل میڈیا پوسٹ شیئر کی لیکن انہوں نے حیران کن طور پر ویرات کوہلی کا ذکر کیا نہ انہیں ٹیگ کیا۔ اس کے بجائے یوراج نے دوسرے کھلاڑیوں کی جی بھر کر تعریف کی، ان کی اس پوسٹ کی وجہ سے کرکٹ کے دونوں اسٹارز کے درمیان چپقلش کی قیاس آرائیاں شروع ہو گئیں۔ اپنی پوسٹ میں یوراج نے لکھا ''کتنا شاندار فائنل تھا! چیمپئنز ٹرافی وطن واپس پہنچ گئی، ہٹ مین روہت شرما کی شاندار کپتانی، جس نے پورے ٹورنامنٹ میں ٹیم کی غیر معمولی قیادت کی، آئی سی سی ٹورنامنٹس کی بات آتی ہے تو روہت اپنی ہی ایک لیگ میں ہیں۔

آل راؤنڈر محمود اللہ کا انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

تمام تعریفیں اللہ رب العزت کیلئے ہیں، اپنے تمام ساتھیوں، کوچز اور خاص طور پر مداحوں کا شکریہ

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش کے آل راؤنڈر محمود اللہ نے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں بنگلا دیش کی ٹیم کے گروپ مرحلے میں باہر ہونے کے بعد محمود اللہ نے سوشل میڈیا پر انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔ محمود اللہ نے اپنے ساتھی کھلاڑیوں، کوچز، مداحوں اور اہلخانہ کے اراکین کا پورے کیریئر میں تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے لکھا کہ تمام تعریفیں اللہ رب العزت کے لیے ہیں، میں نے بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائر ہونے کا فیصلہ کرلیا ہے، میں اپنے تمام ساتھیوں، کوچز اور خاص طور پر مداحوں کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے ہمیشہ میرا ساتھ دیا۔ محمود اللہ نے لکھا کہ میرے والدین، سسرال خاص طور پر میرے سسر اور سب سے اہم بھائی عماد اللہ کا بہت شکریہ جو میرے بچپن سے کوچ اور سرپرست کے طور پر مسلسل میرے ساتھ رہے ہیں۔ بنگلا دیشی کرکٹر نے لکھا کہ آخر میں میری بیوی اور بچوں کا شکریہ جو ہر حالات میں میرا سپورٹ سسٹم رہے ہیں، میں جانتا ہوں کہ رائد مجھے سرخ اور سبز جرسی میں یاد کرے گا۔ انہوں نے بنگلا دیشی کرکٹ ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا ہے۔ محمود اللہ نے لکھا کہ ہر چیز کا اختتام کامل طریقے سے نہیں ہوتا لیکن آپ ہاں کہتے ہیں اور آگے بڑھتے ہیں، الحمدللہ۔ واضح رہے کہ 2007 میں محمود اللہ نے انٹرنیشنل کریئر کا آغاز کیا۔

Government of Pakistan
PAKISTAN ORDNANCE FACTORIES
Wah Cantt

INVITATION TO BID

1- POF-Hospital Wah Cantt invites bids from the original Manufacturers/Authorized Dealers/Suppliers registered with Income Tax, Sales Tax Department for supply of **1x Items of LIQUID MEDICAL OXYGEN (01 ITEM)** of POF Hospital against T.E No. 0010/LP/HOSP/55 Dated: 12-03-2025.

2- Bidding documents containing item wise detail, specifications and all other terms & conditions are available for the interested bidders at the office of the undersigned or can also be downloaded from POF Website (**www.ebidding.pof.gov.pk**) free of cost.

3- The bids completed in all respects, must be submitted **online on above mentioned portal** on or before **08-04-2025** but not later than closing time **1130 hrs**. The tenders will be opened at **1200 hrs** on the same date.

COL.
(SHOAIB RASHID AWAN)
COMMANDANT POF HOSPITAL, WAH CANTT

PID(I)6283/24 Tel: 051-9055-54052, Fax: 051-9314042, 9314100

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 14 اور 15 مارچ 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس / اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 14 مارچ 2025، صبح 07:00 بجے سے دن 11:00 بجے تک، اٹک سرکل، غظیم شہید، بھٹیوٹ مین فیڈرز، مورخہ 15 مارچ 2025، صبح 07:00 بجے سے دن 11:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، بینظیر بھٹو، راجہ آباد، زرکون ہائٹس، ماڈرن فلور مل، شمس کالونی، قائد اعظم ہسپتال، پی اینڈ ٹی وی، ویسٹریج، گولڑہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، نیو کلیام، بسالی، پنڈ جاتلہ، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، لیب۔ I & II انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، آر آئی سی، گریسی لائن، گمٹی، اولڈ کلیام، مورت، خصالہ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 1

ہوا۔ مظفر گڑھ، راجن پور اور ڈی جی خان میں چار کروڑ ملک پیک سکولوں میں پہنچ گئے۔ تینوں اضلاع کے طلبہ کو ساڑھے تین کروڑ سے زائد ملک پیک دے دیئے گئے۔ سکول میل پروگرام کے آغاز پر موجود طلبہ کی تعداد 3 لاکھ 61 ہزار سے بڑھ کر 4 لاکھ 16 ہزار ہوگئی ہے۔ سکول میل پروگرام میں شفافیت، مسابقتی ٹینڈرنگ سے بچت یقینی بنائی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر موثر مانیٹرنگ اور مینجمنٹ سسٹم کا اطلاق کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جنوبی پنجاب کے دیگر دور دراز اضلاع میں سکول میل پروگرام کے لئے اقدامات کی ہدایت کی اور کہا کہ طلبہ کے لئے سارے وسائل حاضر ہیں۔ سکول میل پروگرام کا دائرہ کار بتدریج بڑھائے گے۔

بقیہ 2

تعلیمی اداروں کیلئے 25 کروڑ روپے گرانٹ کی منظوری بھی زیرغور آئے گی۔ علاوہ ازیں سمیڈا کو فنڈز کی فراہمی کی منظوری کا بھی امکان ہے۔ ای سی سی اجلاس میں سندھ رینجرز کے ہیلی کاپٹرز کی مرمت کیلئے 3 کروڑ 60 لاکھ روپے کی تکنیکی اضافی گرانٹ بھی زیر بحث آئے گی۔ اسی طرح ایف سی بلوچستان کو ہیلی کاپٹرز کے پرزہ جات کی خریداری کیلئے ایک کروڑ 54 لاکھ روپے کی تکنیکی اضافی گرانٹ کی منظوری کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں ایس ڈی جیز کے پروگرام کے تحت 2024-25ء کیلئے فنڈز کے اجرا پر تبادلہ خیال ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں نیٹ میٹرنگ صارفین کے لیے ریٹس میں کمی کا معاملہ ایجنڈے میں شامل نہیں کیا گیا۔ …

قوم افواج پاکستان کیساتھ کھڑی ہے

فورسز کے جوانوں نے کم سے کم نقصان کے ساتھ دہشتگردوں کو ہلاک کیا قوم کو پاک افواج پر فخر ہے وزیر دفاع

پی ٹی آئی نے سانحہ جعفر ایکسپریس پر سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا کیا، میرا ایک بار مارشل لائی حکومت سے تعلق رہا، پھر معافی مانگتا ہوں

فورسز کے جوانوں نے کم سے کم نقصان کے ساتھ دہشت گردوں کو ہلاک کیا، قوم کو پاک افواج پر فخر ہے، اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے، پچھلے 3 دن سے جعفر ایکسپریس والا افسوسناک واقعہ چل رہا تھا، اسے ہماری مسلح افواج نے بڑے سانحہ میں بدلنے سے بچالیا، ورنہ خدانخواستہ بڑے پیمانے پر لوگوں کی اموات ہوسکتی تھیں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ فورسز کے جوانوں نے کم سے کم نقصان کے ساتھ دہشت گردوں کو ہلاک کیا، قوم کو پاک افواج پر فخر ہے، ان شاءاللہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں (بقیہ نمبر 28)

خوشاب کا نوجوان کلر کہار حادثہ میں جاں بحق

مرحوم نوکری کیلئے سیمنٹ فیکٹری انٹرویو دینے آیا ہوا تھا، باڈی ٹراما سنٹر منتقل

چکوال (این این آئی) خوشاب کا نوجوان کلر کہار حادثہ میں جاں بحق ہوگیا۔ کلر کہار خوشاب روڈ پر دربار والے موڑ میں موٹر سائیکل اور ڈمپر میں تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہوگیا، جاں بحق ہونے والا شخص محمد عامر ساکن منگوال ضلع خوشاب کا رہائشی تھا بتایا جاتا ہے مرحوم نوکری کیلئے سیمنٹ فیکٹری انٹرویو دینے آیا ہوا تھا۔ اسکی ڈیڈ باڈی کو ٹراما سنٹر کلر کہار منتقل کردیا۔

سولر نیٹ میٹرنگ صارفین کی تعداد میں 1 لاکھ 71 ہزار سے زائد کا اضافہ

لاہور (این این آئی) ایک سال کے دوران سولر نیٹ میٹرنگ صارفین کی تعداد میں 1 لاکھ 71 ہزار سے زائد کا اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق فروری 2024 میں ان صارفین کی تعداد ایک لاکھ 11 ہزار تھی جو اب بڑھ کر 2 لاکھ 83 ہزار تک پہنچ چکی ہے۔ یہ صارفین مجموعی طور پر 3500 میگاواٹ سستی بجلی پیدا کرتے ہیں۔ دوسری جانب بڑھتی (بقیہ نمبر 29)

ریلوے پریم یونین کے زیراہتمام جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں کے حملے کے خلاف اور پاک فوج کے حق میں مظاہرہ کیا جارہا ہے۔

ایف آئی اے پاسپورٹ آفس پر چھاپہ، ایجنٹس گرفتار

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی لاہور زون نے گارڈن ٹاؤن پاسپورٹ آفس پر چھاپے کے دوران 7 ایجنٹس کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان میں کامران، اللہ دتہ، سفیان، علی رضا آصف، اکرام اور محمد آصف شامل ہیں، ملزمان کا تعلق لاہور کے مختلف علاقوں سے ہے، ملزمان شہریوں سے پاسپورٹس بنوانے کی مد میں پیسے بٹور رہے تھے۔ ایف آئی اے حکام کی جانب سے بتایا گیا (بقیہ نمبر 30)

سکول بند، بھتہ ادا نہ کیا گیا تو سنگین نتائج بھگتنا ہوں گے، دھمکیاں

ڈرگ فری پنجاب، ایک ہفتے کے دوران 928 منشیات فروش گرفتار

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر ڈرگ فری پنجاب ویژن کی تکمیل میں ایک ہفتے کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 1710 ریڈز اور 928 منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے مقدمات درج کیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ منشیات فروشوں کے قبضہ سے 548 کلو (بقیہ نمبر 31)

سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا، علیمہ خان جے آئی ٹی میں دوبارہ طلب

اسلام آباد (این این آئی) سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا کرنے پر جے آئی ٹی نے علیمہ خان کو دوبارہ طلب کرلیا۔ جے آئی ٹی نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان کو گزشتہ روز غیر حاضری پر 14 مارچ کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کی ہدایت کردی، جے آئی ٹی کے پاس اس حوالے سے مستند شواہد موجود ہیں۔ یاد رہے کہ اس سے قبل 12 مارچ (بقیہ نمبر 32)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا شہدا پولیس کو خراجِ عقیدت

فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والے عظیم سپوتوں اور ان کی فیملیز کو سلام پیش کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سانحہ گجرات کے 04 پولیس شہداء کی 13 ویں برسی کے موقع پر شہدا پولیس کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والے عظیم سپوتوں اور ان کی فیملیز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ 2012 میں آج (بقیہ نمبر 33)

لاہور جنرل ہسپتال شعبہ ایمرجنسی میں پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر سنٹرل سٹرلائز سروسز ڈیپارٹمنٹ کا افتتاح کر رہے ہیں۔

جعفر ایکسپریس کو ہائی جیک کرنے پر مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور

کسی بھی گروہ، کوئی فرد کو ملک کے امن، خوشحالی اور خودمختاری کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دیں گے، متن

تمام شکلوں میں انتہا پسندی کو مسترد کیا جائے اور آنے والی نسلوں کے لیے ہماری قوم کے امن، تحفظ اور خوشحالی کو یقینی بنایا جانا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں جعفر ایکسپریس کو ہائی جیک کرنے پر مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی گئی۔ قرارداد وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے قومی اسمبلی میں پیش کی۔ قرارداد پر اپوزیشن سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے ارکان کے دستخط موجود ہیں۔ قرارداد کے متن کے مطابق جعفر ایکسپریس کو ہائی جیک کرنے اور شہریوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالنے (بقیہ نمبر 34)

جائیداد کا تنازع، بیٹے نے ماں کو چھریاں مار کر قتل کردیا

دو بھائیوں محمد احمد اور علی حسین میں جائیداد کے بٹوارے پر جھگڑا چل رہا تھا

لاہور (این این آئی) لاہور میں سندر کے علاقے میں واقع نجی سوسائٹی میں بیٹے نے جائیداد کے تنازعے پر ماں کو چھریاں مار کر قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق دو بھائیوں محمد احمد اور علی حسین میں جائیداد کے بٹوارے پر جھگڑا چل رہا تھا۔ ملزم علی حسین نے بھائی محمد احمد کو چھریاں مار کر زخمی کردیا، ماں چھڑانے آئی تو اسے بھی زخمی کردیا۔ 70 سال کی رضوانہ بی بی اسپتال میں دم توڑ گئی، جبکہ زخمی محمد احمد کی حالت تشویشناک ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم علی حسین فرار ہوچکا ہے۔

کینٹ پولیس کی کارروائی، شہری کو قتل کرنیوالا اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کینٹ پولیس نے سابق رنجش پر شہری کو قتل کرنے والا اشتہاری مجرم گرفتار کرلیا، اشتہاری نے ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے مشتاق کو قتل کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابقہ رنجش پر شہری کو قتل کرنے والے اشتہاری مجرم نیاز خان کو گرفتار کرلیا، اشتہاری نیاز خان نے ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے مشتاق کو قتل کردیا تھا۔

قلات، لیویز پوسٹ پر نامعلوم مسلح افراد کا حملے

لیویز نے سخت مزاحمت کر کے حملہ آوروں کو پسپا کردیا

قلات (این این آئی) قلات کے علاقے مہلبی میں لیویز پوسٹ پر نامعلوم مسلح افراد کا حملہ لیویز نے سخت مزاحمت کر کے حملہ آوروں کو پسپا کردیا ایک لیویز اہلکار زخمی ہوگیا۔ قلات لیویز کے مطابق گزشتہ رات نامعلوم مسلح افراد نے مہلبی پوسٹ اچانک حملہ کردیا جس کے جواب میں لیویز چوکی پر موجود اہلکاروں نے شدید مزاحمت کردی اور مسلح افراد کے ساتھ فائرنگ کا تبادلہ کیا فائرنگ سے ایک لیویز اہلکار میر حسن ولد حاجی مراد معمولی (بقیہ نمبر 35)

سندھ میں ایک روز میں ملیریا کے 136 نئے کیسز رپورٹ

کراچی (این این آئی) سندھ بھر میں ملیریا کے کیسز میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ ترجمان محکمہ صحت سندھ کے مطابق گزشتہ روز سندھ بھر میں ملیریا کے 136 نئے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق سب سے زیادہ 57 کیسز حیدرآباد ڈویژن سے رپورٹ ہوئے جبکہ لاڑکانہ ڈویژن میں 34 افراد ملیریا سے متاثر ہوئے۔ شہید بینظیر آباد ڈویژن میں 21، میرپورخاص ڈویژن میں 13 اور سکھر ڈویژن میں بھی 11 کیسز رپورٹ ہوئے۔

معیشت پر اثر انداز ہونے والے کیسز کی فہرست طلب

مقدمات کے مالیاتی اثرات و قانونی مدت کی تفصیلات فراہم کرنے کا حکم جاری

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے معیشت پر اثر انداز ہونے والے کیسز کی فہرست طلب کرلی۔ ذرائع کے مطابق حکومت کی جانب سے وزارت آئی ٹی سے ملکی معیشت پر اثر انداز ہونے والے زیر التوا عدالتی مقدمات کی تفصیلات طلب کی گئی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ حکومت نے قانونی ٹیموں کی تفصیلات بھی مانگی ہیں۔ کابینہ ڈویژن نے (بقیہ نمبر 36)

تاجر ویلفیئر فاؤنڈیشن کی جانب سے لگائے جانیوالے افطار دسترخوان پر روزہ داران کے انتظار میں بیٹھے ہیں۔

روال سال کا پہلا چاند گرہن (آج) 14 مارچ کو ہوگا

چاند گرہن کا آغاز صبح 8 بج کر 57 منٹ پر ہوگا' نظر نہیں آئے گا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد رواں سال کا پہلا مکمل چاند گرہن (آج) 14 مارچ کو ہوگا، پاکستان میں جس کا مشاہدہ نہیں کیا جائے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پاکستانی وقت کے مطابق چاند گرہن کا آغاز صبح 8 بج کر 57 منٹ پر ہوگا۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ صبح 11 بج کر 26 منٹ پر چاند کو مکمل گرہن لگے گا جبکہ 11 بج کر 59 منٹ پر چاند گرہن (بقیہ نمبر 37)

کندھ کوٹ، تنخواہوں کی عدم ادائیگی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

رمضان المبارک میں روزے رکھنے کے لیے راشن بھی نہیں ملازمین

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میونسپل کمیٹی کے ملازمین نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف میونسپل کمیٹی کے دفتر کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور شدید نعرے بازی کی۔ تفصیلات کے مطابق۔ کندھ کوٹ میونسپل کمیٹی کے ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف ہاتھوں میں جھاڑو لے کر دفتر کے گیٹ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور شدید نعرے بازی کی اس موقع پر مظاہرین حضور بخش شیخ اور غلام مصطفی شیخ و دیگر (بقیہ نمبر 38)

کندھ کوٹ میونسپل کمیٹی کے ملازمین نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف میونسپل کمیٹی کے دفتر کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کررہے ہیں

پاکستان کا شعبہ سیاحت عروج پر

2025 تک 4 ارب ڈالر سے زائد کے منافع کی توقع، رپورٹ

2029 تک سیاحتی صنعت کی سالانہ ترقی کی شرح 6.75 فیصد متوقع ہے

''اسٹیٹسٹا ٹریول اینڈ ٹورازم پاکستان رپورٹ'' میں انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کا سیاحت کا شعبہ 2025 تک 4 ارب ڈالر سے زائد کی آمدنی حاصل کرے گا، جب کہ 2029 تک اس کا حجم 5.53 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے۔ یہ انکشاف ''اسٹیٹسٹا ٹریول اینڈ ٹورازم پاکستان رپورٹ'' میں کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2025 سے 2029 تک سیاحت کی صنعت کی سالانہ ترقی کی شرح 6.75 فیصد متوقع ہے۔ پیکج ہالیڈیز اس شعبے کا سب سے نمایاں حصہ ہوگا، جو 2025 میں 1.92 ارب ڈالر کی آمدنی پیدا کرے گا۔ 2029 تک پیکج ہالیڈیز کے صارفین (بقیہ نمبر 39)

سرکاری ملازمین کی تنخواہیں، پنشن عید سے قبل ادا کرنے کا اعلان

وفاقی وزارت خزانہ نے تنخواہوں، پنشن ادائیگی بارے کنٹرولر جنرل اکاؤنٹس کو مراسلہ ارسال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کو تنخواہیں اور پنشن عید سے قبل ادا کرنے کا اعلان کردیا اور اس سلسلے میں وزارت خزانہ کی طرف سے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ وزارت خزانہ حکام کے مطابق پاکستان میں عیدالفطر 31 مارچ یا یکم اپریل کو ہونے کا امکان ہے جس کے باعث وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کو عید سے قبل تنخواہ اور پنشن ادا کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس بارے میں وزارت خزانہ کی (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی، بنی چوک کے علاقے میں دیہاڑی دار مزدور روزگار کے انتظار میں بیٹھے ہیں

حسن ابدال اور فتح جنگ میں بھی الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ

پسماندہ علاقوں میں الیکٹریکل بسیں چلانا قابل تعریف ہے' گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سلیم حیدر خان کی خصوصی کاوش سے حسن ابدال اور فتح جنگ میں بھی الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے ملاقات کے موقع پر بتایا کہ حسن ابدال اور فتح جنگ میں بھی الیکٹرک بسیں چلانے کیلئے اقدامات کررہے ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق اس موقع پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا کہ صوبے کے مفاد اور ترقی (بقیہ نمبر 41)

سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال ملتان ڈویژن کے دورے کے موقع پر زیر تعمیر سپورٹس کمپلیکس کا معائنہ کررہے ہیں۔

نادرا آفس ڈگری کا انچارج علاقہ مکینوں کیلئے عذاب بن گیا

عوام ٹوکن کے حصول کے لیے پریشان کوئی پرسان حال نہیں

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) نادرا آفس ڈگری کا انچارج علاقہ مکینوں کے لیے عذاب بن گیا رقم کے عیوض ٹوکن کی فروخت معمول بن گئی عوام ٹوکن کے حصول کے لیے پریشان کوئی پرسان حال نہیں تفصیلات کے مطابق نادرا آفس ڈگری کا انچارج ڈگری کی عوام کے لیے عذاب بن گیا انچارج کی نااہلی اور بدتمیزی کی وجہ سے نادرا آفس کا پورا عمل متنازع ہوگیا ذرائع کے مطابق نادرا کی جانب سے کچھ مخصوص ایجنڈوں کو صبح ہی ٹوکن دے دیے جاتے ہیں جو پھر رقم کے عیوض فروخت کرتے ہیں پھر ان ٹوکن والے افراد کو آفس کے اندر (بقیہ نمبر 42)

وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت اہم اجلاس

مختلف منصوبوں پر اہم فیصلے اور کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود کے لیے نئے اقدامات کا اعلان

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت سپورٹس کے بڑے ایونٹس اور انڈوومنٹ فنڈ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں سپورٹس کے مختلف منصوبوں پر اہم فیصلے کیے گئے اور کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود کیلئے نئے اقدامات کا اعلان کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر کھیل پنجاب نے افسران کو پنک گیمز، سکولز گیمز اور کھیلتا پنجاب گیمز کی تیاریوں کی ہدایت کی۔ دوران بریفنگ صوبائی وزیر کو بتایا (بقیہ نمبر 43)

جعفر ایکسپریس ٹرین دہشتگردی کے پیچھے بھارت ہے دفتر خارجہ

پاکستان سرحد پار سے دہشت گردی کا شکار ہے، جعفر ایکسپریس پر حملے میں ملوث دہشت گردوں کے بیرون ممالک رابطے تھے

ہم نے امریکا میں پاکستانی شہریوں کے داخلے پر متوقع پابندیوں کی خبروں کا نوٹس لیا ہے، اس طرح کی اطلاعات قیاس آرائیوں پر مبنی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا ہے کہ جعفر ایکسپریس پر حملے میں افغانستان کی سرزمین استعمال ہوئی ہے، اس واقعہ کے دوران ٹریس شدہ کالز میں افغانستان سے رابطوں کا سراغ ملا ہے۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا کہ پاکستان سرحد پار سے دہشت گردی کا شکار ہے، جعفر ایکسپریس پر حملے میں ملوث دہشت (بقیہ نمبر 44)


لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کے 71 ویں سنڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

شراب اور اسلحہ برآمدگی کیس؛ علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار

اسلام آباد (این این آئی) شراب اور اسلحہ برآمدگی کیس میں عدالت نے وزیراعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے خلاف شراب اور اسلحہ برآمدگی کیس کی سماعت جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن چشتی نے کی۔ دوران سماعت وارنٹ گرفتاری کے حوالے سے پولیس رپورٹ آج بھی عدالت میں جمع نہیں کروائی جاسکی۔

رحمتوں کے مہینے میں ملاوٹ مافیا کی شامت!!!!

فوڈ اتھارٹی ٹیموں کا لاہور میں آپریشن 593 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ، لاکھوں کے جرمانے عائد

لاہور (این این آئی) ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر افسران نے ٹیموں کے ہمراہ لاہور کے مختلف علاقوں میں آپریشن کے دوران 593 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی اور خلاف ورزی پر ایک ریسٹورنٹ بند، 18 لاکھ 28 ہزار کے جرمانے عائد کر دیئے جبکہ 300 ٹوٹے انڈے، 800 لیٹر ملاوٹی دودھ اور ممنوعہ اشیا تلف کی گئیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی (بقیہ نمبر 45)

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان سرمایہ کاری و تجارتی تعاون میں نئی پیشرفت

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان سرمایہ کاری و تجارتی تعاون میں نئی پیشرفت ہوئی ہے۔ اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تعاون سے حکومت کی جانب سے سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مربوط حکمت عملی تیار کی گئی ہے، جس کے تحت پاکستان اور ترکیہ کے مابین 5 ارب ڈالر کے تجارتی ہدف کے حصول کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ منصوبے کے تحت (بقیہ نمبر 46)

کم عمر ڈرائیورز کے خلاف کاروائیوں کے احکامات

رواں ماہ کم عمر ڈرائیورز کو 12 ہزار 500 سو سے زائد چلان ٹکٹ جاری

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے کم عمر ڈرائیورز کے خلاف کاروائیوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام سی ٹی اوز ڈی ٹی اوز بلا تفریق بچوں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لیے کاروائی جاری رکھیں۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق رواں ماہ کم عمر ڈرائیورز کو 12 ہزار 500 سو سے زائد چلان ٹکٹ جاری کیے گئے

ریٹ لسٹ عوام کو فائدہ دینے کے بجائے مارکیٹ کمیٹی کی کمائی کا ذریعہ بن گئی

گراں فروشوں کو لوٹ مار کرنے کی کھلی چھوٹ شہریوں کو ریلیف فراہم کروانے کے لیے انتظامیہ کے عملی اقدامات کہیں نظر نہیں آتے

آڑھتی پھل سبزیاں مہنگی دیتے ہیں ہم ریٹ لسٹ کے مطابق نہیں دے سکتے دکاندار انتظامیہ بولی اپنی نگرانی میں کیوں نہیں کرواتی شہری

لاہور: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ریجنل آفس لاہور میں افسران سے ملاقات کررہے ہیں۔

گوجرخان (قمر شہزاد) انتظامیہ کی ناک نیچے اور تحصیل بھر کے دیہی علاقوں میں خود ساختہ مہنگائی کا بازار گرم سرکاری ریٹ لسٹ کو دکانداروں نے جوتے کی نوک پر رکھ دیا اے سی گوجرخان اور انکے لاڈلے پرائس مجسٹریٹس سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کروانے اور شہریوں کو بابرکت مہینے میں ریلیف فراہم کروانے میں بری طرح ناکام اس تمام تر صورتحال پر شہری حلقوں نے گوجرخان انتظامیہ کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کا دوسرا عشرہ شروع ہو گیا سبزیوں اور پھلوں کی (بقیہ نمبر 47)

وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف سے بشپ جوزف ارشد کی ملاقات

پاکستان کی تعمیر وترقی میں اقلیتوں کا کردار نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، سردار محمد یوسف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے اسلام آباد اور راولپنڈی کے آرچ بشپ جوزف ارشد نے ملاقات کی، آرچ بشپ جوزف ارشد نے وفاقی وزیر سردار محمد یوسف کو وزارت مذہبی امور کا قلمدان ملنے (بقیہ نمبر 48)

سرگودھا میں تلخ کلامی پر بیٹے نے کلہاڑی مار کر باپ کو لہولہان کردیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں تلخ کلامی پر بیٹے نے کلہاڑی مار کر باپ کو لہولہان کر دیا جبکہ موٹر سائیکلوں کے تصادم میں میاں بیوی اور خاتون سمیت چار افراد شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ سلانوالی کے چک 134 جنوبی میں تلخ کلامی پر نوجوان بیٹے نے کلہاڑی مار کر اپنے 55 سالہ باپ سکندر حیات کو لہولہان کر دیا۔ جبکہ سرگودھا کے قصبہ پھلروان پر رتو (بقیہ نمبر 49)

چین پاکستان کے انسداد دہشت گردی عزم کا مضبوط حامی ہے

دونوں ممالک کے درمیان تعاون نے علاقائی سلامتی پر مثبت اثرات مرتب کیے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چینی میڈیا نے ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ چین اور پاکستان نے انسداد دہشت گردی کے شعبے میں کئی سطحوں پر تعاون کیا ہے، دونوں ممالک نے دہشت گردی کے خلاف معلومات کا تبادلہ کرنے کا میکانزم قائم کیا ہے، دہشت گردی مخالف مشترکہ مشقیں باقاعدگی سے منعقد کی جاتی ہیں، اور سرحدی کنٹرول کے تعاون کو مضبوط بنایا گیا ہے۔ جمعرات کے روز ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ چین نے پاکستان کو (بقیہ نمبر 50)

آسٹریلیا اس مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے، نیل ہاکنز

اسلام آباد (این این آئی) آسٹریلیا کے ہائی کمشنر برائے پاکستان نیل ہاکنز نے بلوچستان میں جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں نیل ہاکنز نے کہا کہ ہم بلوچستان میں جعفر ایکسپریس پر حملے اور اسے یرغمال بنائے جانے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ آسٹریلوی ہائی کمشنر نے کہا کہ ہماری ہمدردیاں متاثرہ افراد اور ان کے خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ آسٹریلیا (بقیہ نمبر 51)

راولپنڈی: 14 ڈاؤن عوام ایکسپریس کی بوگیاں پٹڑی سے اتری ہوئی ہیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب ڈنگ ٹپاؤ کلچر کیخلاف ہیں ذیشان رفیق

ایسے منصوبے مکمل کرینگے جو قومی اثاثہ ثابت ہوں' وزیراعلیٰ کے ویژن پر مکمل عملدرآمد کیا جائے گا

ورلڈ بینک کے تعاون سے پہلے مرحلے میں 16 تحصیلوں کے 1802 دیہات کی اپ گریڈیشن ہوگی' ذیشان رفیق

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ ایسے منصوبے مکمل کریں گے جو قومی اثاثہ ثابت ہوں، وزیراعلیٰ مریم نواز ڈنگ ٹپاؤ منصوبوں کے کلچر کے خلاف ہیں، وزیراعلیٰ کے ویژن پر مکمل عملدرآمد کیا جائے گا۔ وہ سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں منتخب دیہات میں میونسپل سروسز کی فراہمی کے پروگرام میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور سپیشل سیکرٹری آسیہ گل نے بھی (بقیہ نمبر 53)

رمضان پیکیج میں سرکاری افسران کی جانب سے فراڈ کا انکشاف

عوام کے لیے دیئے جانے والے پیسے افسران خود ہڑپنے لگے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے رمضان پیکیج میں سرکاری افسران کی جانب سے فراڈ کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق عوام کیلئے دیئے جانے والے رمضان نگہبان پیکیج کے پیسے افسران خود ہڑپنے لگے، پولیس نے 2 سرکاری ملازمین سمیت تین ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ پولیس نے کہا کہ ملزم سے ڈیڑھ لاکھ سے زائد رقم بھی برآمد ہوئی جو وہ کیش کرواچکا تھا، ایف آئی ار کے متن کے مطابق ملزمان نے 17 چیک فراڈ کرکے کیش کروائے جبکہ 92 چیک ابھی کیش نہ ہوئے تھے۔ اے سی شالیمار اور آر او صابر علی نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو حراست میں لے کر پولیس کے (بقیہ نمبر 52)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com